
# لوہے کے گھوڑے

# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : شاہین عزیز



# ٹیچرز گائیڈ

## ٹیچر کے لئے بنیادی نوٹ :

یہ ٹیچرز گائیڈ پانچویں جماعت کے لئے تیار کی گئی ہے۔
اس گائیڈ میں کتاب کو پڑھانے کے طریقے کو جس طرح مختلف سیشن میں تقسیم کیا گیا ہے وہ محض ایک تجویز ہے۔ کتاب پڑھاتے وقت بچوں کی دلچسپی اور ذہنی ارتقاء کے پیش نظر اس کی ترتیب اور مواد میں ردوبدل کیا جا سکتا ہے۔

## پہلا سیشن

بچوں کو کہانی سنانے سے قبل اس کا نام "لوہے کے گھوڑے" تختہ سیاہ پر لکھا جائے گا اور بچوں کے تاثرات کا جائزہ لیا جائے کہ وہ کیا کہتے ہیں۔
اب بچوں سے پوچھا جائے کہ "آپ نے گھوڑا دیکھا ہے؟" (ظاہر ہے کہ جواب "ہاں" ہوگا۔)
ایک بچے سے کہا جائے کہ گھوڑے کی تصویر تختہ سیاہ پر بنائے۔
اب بچوں سے پوچھا جائے :

(۱) یہ کس رنگ کا ہوتا ہے؟ (اس کے مختلف جواب ہوں گے' مثلاً بھورا' سفید' کالا وغیرہ۔

(۲) کہاں رہتا ہے؟

(اس کا جواب یہ ہے کہ گھوڑے تقریباً دنیا بھر میں پائے جاتے ہیں لیکن مشرق وسطیٰ' شمالی اور جنوبی امریکہ اور چین اعلیٰ نسل کے گھوڑوں کے لئے مشہور ہیں۔ برطانیہ اور آئرلینڈ میں اور عرب اور ایران میں بے حد خوبصورت گھوڑوں کی نسلیں آباد ہیں۔)

(۳) کس لئے استعمال ہوتا ہے؟

کسی بچے سے گھوڑے کی آوازیں سنی جائے (بچے آوازیں نکالنے میں ماہر ہوتے ہیں)
اب کہانی سنائی جائے۔ بچوں سے کہا جائے کہ یہ کہانی ایک پہیلی ہے۔ آپ غور سے سنیں۔ اسے بوجھنا بھی ہے!

کہانی سناتے وقت بچوں سے مشکل الفاظ کے مطلب بھی پوچھے جائیں تاکہ بچوں کا دھیان سبق کی جانب ہی رہے۔ کہانی ختم ہونے کے بعد بچوں سے پوچھا جائے کہ ان کی سمجھ میں کیا آیا؟ "لوہے کے گھوڑے" کسے کہا گیا ہے؟ (بچے یقیناً سمجھ ہی گئے ہوں گے۔ ورنہ ٹیچر اُن سے Discuss کریں۔)

## گھر کا کام :

سبق میں موجود نئے الفاظ اور معنی گھر کے کام کی کاپی میں لکھ کر لائے

## دوسرا سیشن

سبق میں موجود نئے الفاظ و معنی کی فہرست تختہ سیاہ پر لکھی جائے گی۔ بچے انہیں اپنی کاپی سے Match کریں۔

اس طرح جن بچوں نے کام نہیں کیا ہے یا ادھورا کیا ہو تو ان کا کام مکمل ہوسکتا ہے۔ (نئے الفاظ کے معنی بچوں سے معلوم کئے جائیں۔ اس طرح جو بھی کام کرکے لائے ہیں وہ خوشی خوشی بتائیں گے۔)

## نئے الفاظ :

| | | | |
|---|---|---|---|
| شوق | مبتلا | رفتار | اضافہ |
| سراپا | صرف | روزگار | جھوم اٹھتا |
| پرورش | اصطبل | فراہم | خبط |
| عاجز | مقرر | خاصا | منہ زور |
| وبا | ذہین | دلچسپ | قابو |
| دید | مشورہ | جٹ جانا | مرجھا جانا |
| طے | دھڑکا | اٹھک | نت نئی |
| سائیں | مرمت | رفتہ رفتہ | مہلک |
| دانا | غور | چھٹ جائیں | سر جوڑ کر بیٹھے |

## گھر کا کام :

نئے الفاظ و معنی یاد کرلیں

## تیسرا سیشن

نئے الفاظ (جن کی مشق کرنا ضروری ہے) تختہ سیاہ پر لکھے جائیں۔ بچے انہیں کاپی کریں اور ان الفاظ کی تین تین مرتبہ مشق بھی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سرمایہ | اضافہ | انتھک | مبتلا |
| پرورش | خبط | رفتہ | اصطبل |
| عاجز | مضبوط | رفتار | سائنس |
| فراہم | دلچسپ | مہلک | مصیبت |

بچے الفاظ کاپی کریں اور ٹیچر راؤنڈ لے کر دیکھیں کہ بچے انہیں صحیح طرح سے لکھ رہے ہیں یا نہیں' (انہیں گائیڈ کیا جائے شوشے وغیرہ ٹھیک بنوائے جائیں)

## گھر کا کام

باقی رہ جانے والا کام گھر سے کرکے لائیں۔

## چوتھا سیشن

بچوں سے پوچھا جائے :

(۱) پرانے زمانے میں لوگ سفر کیسے کرتے تھے

(۲) آج کل سفر کیسے کیا جاتا ہے؟

(۳) آج کل سفر میں استعمال ہونے والی سواریاں کس چیز سے چلتی ہیں؟ بچے جو بھی بتائیں گے ان کے نام تختہ سیاہ پر لکھے جائیں مثلاً : ڈیزل' پٹرول' گیس وغیرہ۔

(۴) آپ کے خیال میں ہمارے لئے یہ چیزیں فائدہ مند ہیں یا نقصان دہ؟

تختہ سیاہ پر دو کالم بنائے جائیں۔ بچوں سے پوچھ کر فائدے اور نقصان تختہ سیاہ پر لکھے جائیں۔ مثلاً : وقت۔ معاشیات۔ آلودگی۔ قیمت (مہنگا) ایکسیڈنٹ وغیرہ وغیرہ۔

ان سب کے بارے میں بچوں سے خوب باتیں کی جائیں۔ بچے ایسی باتوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اپنی بات' اپنے خیالات کے اظہار میں انہیں بہت لطف آئے گا۔ تختہ سیاہ پر Web بنا کر ذرائع آمدورفت بچوں سے پوچھ کر لکھے جائیں گے۔

(آپ کی سہولت کے لئے گائیڈ کے آخر میں Web دیا جا رہا ہے۔)

## گھر کا کام

(۱) پرانے زمانے میں سفر کے لئے استعمال ہونے والی چیزیں لکھئے۔
(۲) موجودہ زمانے میں سفر کے لئے استعمال ہونے والی چیزیں لکھئے۔
(۳) آج کی سواریوں کے فائدے اور نقصان لکھئے۔
(۴) موجودہ دور کی سواریوں میں اپنی پسندیدہ سواری کا نام لکھئے۔

## پانچواں سیشن

آج کلاس روم میں ٹیچر (یا کوئی بچہ) ایک گاڑی اور ایک گھوڑے کی تصویر بنائیں۔
بچوں سے ان تصویروں کو Match کرنے کو کہا جائے مثلاً :
(۱) گھوڑے کے چار پیر۔ گاڑی کے چار پہیے۔
(۲) گھوڑے کی لگام۔ گاڑی کا اسٹیئرنگ۔
(۳) گھوڑے کا منہ۔ گاڑی کے سامنے کا حصہ جہاں ہیڈ لائٹ بھی ہوتی ہے۔
(۴) گھوڑے کا پیٹ۔ پٹرول کی ٹنکی۔
(۵) گھوڑے کی پیٹھ۔ گاڑی کی سیٹ۔
(۶) گھوڑے کی آنکھیں۔ گاڑی کی ہیڈ لائٹس (Head Lights)

ان دونوں میں مشترکہ حصے کیا ہیں؟ بچوں سے پوچھا جائے۔ پھر ان کی رہنمائی کی جائے کہ گھوڑے اور گاڑی میں مشترک بات ہے توانائی (Energy)
بچوں سے پوچھا جائے : یہ توانائی آتی کہاں سے ہے؟
گھوڑا خوراک کھاتا ہے۔


گاڑی میں پیٹرول ڈالا جاتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ

(۱) گھوڑا کیا کھاتا ہے؟ (پودے)

(۲) پودے اگنے کے لئے کیا چیز بہت اہم ہے؟ (سورج کی روشنی ر دھوپ)

(۳) انہیں سائنس میں کئے گئے تجربے یاد دلائے جائیں کہ دھوپ میں رکھا پودا نشوونما پاتا ہے اور (دھوپ کے بغیر) سائے میں رکھا پودا مرجھا جاتا ہے۔

اب ایک Web سا بنایا جائے۔



بچوں سے پوچھا جائے کہ سورج کا ان چاروں سے کیا تعلق ہے؟
اور بچوں کو اپنی مرضی سے کہنے دیا جائے۔
بچوں سے پوچھا جائے کہ توانائی کیا ہے ...؟
اب انہیں بتایا جائے کہ :
توانائی کی بہت ساری قسمیں ہیں۔ جنہیں انسان اپنے فائدے کے لئے استعمال کرتا ہے۔

○ حرارتی توانائی (Heat Energy)

حرارت سے پیدا ہونے والی توانائی (کاغذ، مٹی کا تیل، پیٹرول، گیس، لکڑی، کوئلہ) وغیرہ جلاکر ہم حرارت کے ذریعے توانائی حاصل کرتے ہیں۔ یہ اشیاء ایندھن کہلاتی ہیں۔
جاندار کے لئے سورج کی حرارت سب سے اہم ہے، ورنہ یہ زمین برف کی طرح جم جائے۔

○ برقی توانائی (Electrical Energy)


روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی سب سے اہم توانائی ہے۔ اسے ہم مختلف طریقوں سے اپنے آرام کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً برقی پنکھے، چولھے، مختلف مشینیں وغیرہ وغیرہ۔

○ شمسی توانائی (Solar Energy)

ہماری زمین سورج سے توانائی حاصل کرتی رہتی ہے اور یہ توانائی روشنی اور حرارت کی شکل میں ہوتی ہے۔ یہ توانائی شمسی توانائی کہلاتی ہے۔ (شمس کے معنی ہیں سورج)
یہ توانائی انسانوں، جانوروں اور پودوں کے لئے بہت ضروری ہے۔ زمین کے ایک مربع کلو میٹر حصے پر پڑنے والی شمسی توانائی، 20 لاکھ ہارس پاور(Horse Power) کے برابر ہوتی ہے۔
یعنی زمین کا ایک مربع کلو میٹر حصہ بیس لاکھ ہارس پاور کے برابر توانائی حاصل کرتا ہے مگر شمسی توانائی بے قیمت یعنی بغیر خرچہ کے ملنے کے باوجود ضائع ہوجاتی ہے۔
آج کل ترقی یافتہ ممالک میں شمی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرکے گھریلو اور صنعتی استعمال میں لایا جارہا ہے۔
کچھ گاڑیاں بنائی جا رہی ہیں جو سورج کی روشنی جذب کرتی ہیں اور جب روشنی ان میں Store ہو جاتی ہے تو وہ گاڑیاں چلائی جاسکتی ہیں۔ یہ کام محنت طلب ہے مگر بہت فائدہ مند ہے کیونکہ اس میں خرچہ بہت کم ہے۔
دھوئیں سے نجات مل جائے گی یعنی آلودگی کا خاتمہ ہوگا کیونکہ یہ گاڑیاں دھواں نہیں پھینکیں گی۔ وغیرہ وغیرہ۔

## چھٹا سیشن

کہانی کے لئے بچوں کو تین کردار دیئے جائیں۔
گھوڑا عام گاڑی شمسی توانائی سے چلنے والی گاڑی
اسے اس طرح بھی کرسکتے ہیں۔
گھوڑا لوہے کا گھوڑا دھوپ سے چلنے والا گھوڑا
کہانی کے کردار تختہ سیاہ پر لکھے جائیں۔
اب ٹیچر کی مدد سے بچے جملہ جملہ کرکے کہانی مکمل کریں۔ آخر میں اس کا کوئی اچھا سا عنوان بھی لکھ لیں۔
اگر یہ کام دو پیریڈ میں کروایا جائے تو بہتر ہوگا تاکہ کام ایک ساتھ مکمل ہوجائے۔ اس طرح کلاس کے ہر سیکشن کی طرف سے ایک ایک کہانی مکمل ہوسکتی ہے وہ ایک دوسرے کو سنا سکتے ہیں۔


ذرائع آمدورفت
ہوائی جہاز
کیبل کار
راکٹ
بحری جہاز
ہیلی کاپٹر
سائیکل
ہاتھ گاڑی
بس
موٹرسائیکل
ریل گاڑی
رکشہ
ٹرک
موٹرکار
اونٹ گاڑی
گدھا گاڑی
تانگہ
کشتی
بیل گاڑی
سائیکل رکشہ
سکوٹر

# لوہے کے گھوڑے

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع ٹیچرز گائیڈ : جیلانی پرنٹرز
ناشر : بُک گروپ، کراچی

ہم New Zeland High Commission کے ممنون ہیں جنھوں نے اپنی مالی اعانت سے اس کتاب کی تدوین و طباعت کو ممکن بنایا۔

bookgroup

187/2C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk